سوال

(844) ہر دو یا چار تراویح کے بعد تسبیحات پڑھنے کے لیے وقفہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا ہر دو یا چار تراویح کے بعد تسبیحات پڑھنے کے لیے وقفے کا اہتمام کرنا جائز ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نمازِ تراویح کے دوران تسبیحات پڑھنے کے لیے وقفے کا اہتمام کرنا کسی بھی مرفوع متصل صحیح روایت سے ثابت نہیں۔ البتہ امام ابن قیم رحمہ اللہ نے ''بدائع الفوائد'' (۱۱۰/۴) میں امام احمد رحمہ اللہ سے نقل کیا ہے کہ وہ وقفوں میں درج ذیل کلمات پڑھا کرتے تھے :

'لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحدَہٗ لَا شَرِیکَ لَہٗ، وَأَستَغفِرُ اللّٰہَ الَّذِی لَا اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ'

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 725

محدث فتویٰ